سوال

(136) بیت المال سے لاوارث لاش کو کفن دفن دیا جا سکتا ہے۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس عہد مبارک میں لاوارث مردے اور محتاجوں، پردیسیوں کی نعشیں حکومت عالیہ کی طرف سے ہوتی تھیں، یا نہیں؟ اگر ہوتی تھیں تو مصارف کس مد سے ہوتے تھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیت المال میں بہت سی متفرق مدات غرباء و مساکین کے لیے ہوتی تھیں، چاہے زندہ ہوں، یا مردہ، اسی میں سے خرچ ہوتا تھا، اس کا پوچھنا ہی کیا ہے۔ (اہل حدیث جلد نمبر ۴۰ شمارہ نمبر ۲۲) (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۲۱)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 270

محدث فتویٰ